ادبی دماغی ورزش۔سلسلہ (۶۳)

ڈاکٹر شمیم احمد صدیقی
C-2،نسیم منزل، مدح گنج، پولیس چوکی، سیتاپور روڈ لکھنؤ۔226020

محمد رضا خاں محشرؔ عنایتی رامپوری کے درج ذیل اشعار کو دیئے گئے اشاروں کی مدد سے مکمل کیجئے۔

(۱) اُن سے کیا غم کی .... کی جائے
کہ جنھیں دیکھ کے غم یاد نہ آئے
اشارہ: ہرستم اُن کا یونہی اُٹھانا مشکل اوراچھا بھی نہیں لگتا شکایت کرنا (گلشن بریلوی)

(۲) تنہا بھی تو کٹ جائیں گے دن عمر کے محشرؔ
تجھ مجھ کا .... نہ لیا جائے تو اچھا
اشارہ: اخبار راشٹریہ سہارا کئی مقامات سے شائع ہوتا ہے۔

(۳) جو آج ذکر چلا .... کے سانپوں کا
تو مجھ کو اپنے کئی دوستوں کی یاد آئی
اشارہ: آپ کے کرتے کی آستین بہت لمبی ہے۔

(۴) خدا رکھّے اُن کو عجب ہیں وہ لوگ
عداوت کریں .... لگے
اشارہ: مہربان صاحب کے نام میں 'ی' کا اضافہ کردیں۔

(۵) زندگی سیدھی سی اک ......نہیں ہے اے دوست
اس میں جو موڑ ہیں وہ تو نے کہاں دیکھے ہیں
اشارہ: راستہ مذکر ہے تو راہ مؤنث ہے۔

(۶) سو زبانوں کا کام کرتی ہے
بعض اوقات .... بھی
اشارہ: کفن سرکاؤ میری بے زبانی دیکھتے جاؤ (فانیؔ)

(۷) شام کو سو کے جہاں ......کو لوگ اُٹھتے ہیں
تم کو معلوم ہے محشرؔ وہ نگر، ہم بھی چلیں
اشارہ: صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے
عمریوں ہی تمام ہوتی ہے (امیر اللہ تسلیمؔ)

(۸) میں پھر افسانۂ غم چھیڑتا ہوں
ذرا تم پھر کہو .... کہیں کے
اشارہ: سارے جھوٹے ایک طرف ہوجائیں تو سچّے کو سچّائی کھلنے لگتی ہے (محشرؔ آفریدی)

(۹) ہر ایک .... زباں سے کہی نہیں جاتی
جو چپکے بیٹھے ہیں کچھ اُن کی بات بھی سمجھو
اشارہ: آپ تو ذرا سی بات میں منھ پھُلا کر بیٹھ گئے۔

(۱۰) یہ تو مجبور کی عادت ٹھہری
ٹھوکریں کھائے مگر .... لگائے
اشارہ: فضول آس لگائے نہ باغباں سے کوئی (جمالؔ قریشی)

(جوابات آئندہ ماہ کے شمارے میں ملاحظہ کریں)

(سلسلہ 62 کے جوابات صفحہ 39 پر)

□□□

□□□